SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release

May 31, 2023

ہوشیار رہیں! بغیر نقصان زیادہ منافع پیش کرنے کے دعویدار سرمایہ کاری سکیموں سے محتاط رہیں

اسلام آباد، 31 مئی: ایس ای سی پی نے متعدد مرتبہ سرمایہ کاروں کو متنبہ کیا ہے کہ بعض کمپنیاں مختلف مصنوعات میں سرمایہ کاری کرنے کے نام پر پیسہ لینا اور بھاری منافع کا وعدہ کرنا جیسی مشکوک کاروباری سرگرمیوں میں ملوث ہیں، جیسے کہ:

- ایس ایم ڈی اسکرینوں میں سرمایہ کاری،
- مختلف مصنوعات/فارن ایکسچینج/کرپٹو کرنسی کی تجارت،
- کار، موٹر سائیکل، گھر اور الیکٹرک آلات کی لیزنگ/آسان اقساط پر فراہمی کے نام پر ایڈوانس رقم کا مطالبہ،
- آن لائن نوکریوں کے پیکیجز کے نام پر رقم کا مطالبہ،
- مستقبل میں پراڈکٹ/سروس کی فراہمی کے لیے رقم کا مطالبہ،
- موبائل ایپلیکیشنز کے ذریعے سرمایہ کاری، وغیرہ

یہ ادارے عموماً مقامی اخبارات، سوشل میڈیا، ویب سائٹس اور پمفلٹس کے ذریعے اپنی سکیموں کی تشہیر اور سرمایہ کاری پر پرکشش منافع کا لالچ دے کر معصوم عوام کو اپنے جال میں پھنساتے ہیں۔

ایسی سکیمیں/سرگرمیاں/کاروبار سراسر ممنوع ہیں۔ ایس ای سی پی بارہا وضاحت کر چکا ہے کہ کسی بھی کمپنی کی رجسٹریشن کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ متعلقہ کمپنی کو سرمایہ کاری اسکیموں کے نام پر رقم لینے کی اجازت ہے۔

کسی بھی کمپنی کہ ساتھ سرمایہ کاری کرنے سے پہلے، ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر کسی بھی کمپنی کا اسٹیٹس خود چیک کریں۔ اور مزید معلومات حاصل کرنے کے لئے https://sdms.secp.gov.pk/ کے ذریعے ایس ای سی پی سے رابطہ کریں۔ ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر وقتاً فوقتاً اپ ڈیٹ کی جانے والی غیر مجاز کاروبار میں ملوث ہونے والی مشتبہ کمپنیوں کی فہرست بھی چیک کریں۔

عوام الناس کو ان کے اپنے مفاد میں آگاہ کیا جاتا ہے کہ سرمایہ کاری کرتے وقت محتاط رویہ اختیار کریں۔ کسی بھی کمپنی کی پیش کردہ ایسی سکیموں کے جھانسے میں نہ آئیں. کیونکہ نقصان کی صورت میں رقم کی وصولی تقریباناممکن ہے۔ایسی کسی بھی سرگرمی کی اطلاع فوراً scams@secp.gov.pk پر دیں۔ شکریہ۔